57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 342 | صفحات: 08 | ۱۳ دسمبر ۲۰۲۵ بروز سنیچروار بمطابق ۲۱ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Saturday 13th December 2025 | جلد نمبر 57



**نہرا گل کے فارمیٹ سے پریشان نہیں**

گجرات ٹائیٹنز کے ہیڈ کوچ آشیش نہرا شبمن گل کی فارم کے حوالے سے فوری فیصلوں سے خوش نہیں ہیں اور خبر دار کیا ہے کہ دو میچوں کے بعد انہیں خارج کرنے کا رجحان بڑھتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ شبمن گل، جنہوں نے ایشیا کپ کے دوران وائس کپتان کے طور پر ٹی ۲۰ انٹرنیشنل سیٹ اپ میں واپسی کی تھی، پچھلے ۱۰ میچوں میں صرف ۱۸۱ رنز بنا سکے ہیں۔ (تفصیلات اندر)



**کوہلی وجے ہزارے میں کھیلیں گے**

اسٹار بلے باز وراٹ کوہلی اور رشبھ پنت کو ۲۴ دسمبر سے شروع ہونے والے وجے ہزارے قومی ون ڈے ٹورنامنٹ کے لیے دہلی کی ممکنہ ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ کوہلی نے حال ہی میں دہلی کرکٹ ایسوسی ایشن کو اپنی دستیابی کے بارے میں مطلع کیا، جس کے بعد ۱۵ سال بعد دہلی کیلئے وجے ہزارے ٹرافی میں ان کی واپسی ہونے جا رہی ہے۔ (تفصیلات اندر)




# نوگام دھماکہ کے لواحقین میں تقررنامے تقسیم

## شہداء کے خاندانوں کے ساتھ پوری قوم شانہ بشانہ کھڑی ہے/ لیفٹیننٹ گورنر



سرینگر/ لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے سرینگر میں نوگام کے حادثاتی دھماکے کے شہداء کے خاندانوں سے ملاقات کی اور ہمدردی کی بنیاد پر تقرری کے خطوط تقسیم کیئے۔ لفٹیننٹ گورنر نے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ان کے خاندانوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم شہداء کے خاندانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے تا کہ وہ عزت اور راحت کی زندگی گذار سکیں۔ لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ پچھلے مہینے دہشت گرد نیٹ ورک کو بے نقاب اور تباہ کر کے دہشت گردی کو اس کی جڑوں میں روکنے پر جے اینڈ کے پولیس پر پورا ملک فخر کرتا ہے۔ انہوں نے جے اینڈ کے پولیس کی دقیق تحقیقات اور دہشت گردانہ سرگرمیوں پر روک لگانے، روکنے اور ناکام بنانے کی کثیر الجہتی کوششوں کی تعریف کی۔ انہوں نے سینئر افسران کو ہدایت دی کہ دہشت گردوں کی مالی معاونت کے پایپ لائن کو روکا جائے اور بعض علیحدگی پسند عناصر کی طرف سے ریڈکلائیزیشن کی کوششوں کا موثر طور پر مقابلہ کیا جائے۔ اس موقع پر سپیشل ڈی جی کوارڈینیشن پی ایچ کیو، پرنسپل سیکرٹری ہوم، اے ڈی جی پی سی آئی ڈی، لفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری، ڈویژنل کمشنر کشمیر آئی جی پی کشمیر، ڈی آئی جی سی کے آر، ایس ایس پی سرینگر، ڈپٹی کمشنر سرینگر اور پولیس وسول ایڈمنسٹریشن کے سینئر افسران موجود تھے۔




## گاڑیاں خرید کر فوری طور انہیں اپنے نام منتقل کریں/ پولیس

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے وادی کے مختلف اضلاع میں خصوصی کارروائی کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد وہ گاڑیاں شناخت کرنا اور ضبط کرنا ہے جن کے مالکان نے فروخت یا خرید کے بعد ضروری ملکیت کے دستاویزات منتقل نہیں کیے یا جن کی رجسٹریشن غیر مقامی ریاستوں کی ہے۔ پولیس ٹیموں نے متعدد چیک پوسٹس پر گاڑیوں کی جانچ کی اور مالکان کے درست دستاویزات اور اپ ڈیٹ شدہ رجسٹریشن ریکارڈ/ 1

## سال نو سے شروع ہونے والی مردم شماری کیلئے کابینہ کی منظوری


### 30 ہزار اہلکار تعینات ہونگے، 11 ہزار 718 کروڑ 24 لاکھ روپے خرچ ہونگے

سرینگر/ اے پی آئی/ ملک میں مردم شماری کیلئے مرکزی حکومت نے 11 ہزار 718 کروڑ 24 لاکھ روپے خرچ کرنے کے فیصلے کو ہری جھنڈی دکھائی۔ سال 2027 میں ڈیجی ٹل مردم شماری مکمل ہوگی اور اس ڈیجیٹل ڈیزائن کو مکمل طور پر ڈیٹا تحفظ کو مدنظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ ملک میں مردم شماری کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کیلئے تمام اقدامات کو آخری شکل دی جارہی ہے اور اس مقصد کیلئے 11 ہزار 718 کروڑ 24 لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ ذرائع ابلاغ کو تفصیلات فراہم کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مردم شماری 2027 سولویں اور آزادی کے بعد اٹھاویں مردم شماری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مردم شماری 2027 ملک کی/ 2

## لداخ میں سیاحت اور ہنگامی امداد کیلئے 3 ہیلی کوپٹر سروسیں

### دور دراز علاقوں میں رہنے والی آبادی کو سفر اور نقل وحمل میں نمایاں سہولیت میسر

سرینگر/ یو این آئی/ مرکز کے زیر انتظام علاقہ لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر کویندر گپتا نے لیہہ میں بی 3- ہیلی کاپٹر سروسز کا افتتاح کیا جس کا مقصد لداخ میں رابطہ سہولیات، سیاحت اور ہنگامی امداد نظام کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ خدمات رعایتی نرخوں پر دستیاب ہوں گی۔ یہ جانکاری لفٹیننٹ گورنر کے دفتر کے ''ایکس'' ہینڈل پر ایک پوسٹ کے ذریعے فراہم کی گئی۔ انہوں نے کہا: 'لیفٹیننٹ گورنر کویندر گپتا نے لداخ میں رعایتی نرخوں پر کنیکٹیویٹی، سیاحت اور ہنگامی امداد کو فروغ دینے کے لیے بی- 3 ہیلی کاپٹر سروسز کا آغاز کیا'۔ پوسٹ میں کہا گیا کہ یہ نئی ہیلی کاپٹر پروازیں کرگل، پدم، لنگشد، دبلنگ، نیراک، ڈسکت اور ترتک کے لئے شروع کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے دور دراز علاقوں میں رہنے والی آبادی کو سفر اور نقل وحمل میں نمایاں سہولیت میسر ہوگی۔




## سرحد کے قریب مسلح درانداز گرفتار

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں ضلع کے پرگوال علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے جمعہ کو ایک مسلح درانداز کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے ایک اعلیٰ اہلکار نے بتایا کہ گرفتار شدہ شخص کی شناخت عبدال خالق کے طور پر ہوئی، جو سرحدی حفاظتی فورس کے اہلکاروں نے سرحد کے قریب پکڑا۔ اس کے قبضے سے ہتھیار بھی برآمد ہوئے۔ گرفتار شدہ کو مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس پوسٹ پرگوال، تحت پولیس اسٹیشن کھور کے حوالے کر دیا گیا۔

## پارسل ٹرین سے 17 ہزار کلوگرام پالیتھین لفافے برآمد

سرینگر/ اے پی آئی// وسطی ضلع بڈگام ریلوے اسٹیشن پر پلوشن کمیٹی کی بڑی کارروائی، 17 ہزار کلو کے پالیتھین بیگ ضبط، ملک کے مختلف ریاستوں سے وادی کشمیر میں پالیتھین لانے اور انہیں وادی کے کونے کونے تک پہنچانے کا سلسلہ جاری۔ متعلقہ اداروں/ 6

## قلمکار غلام قادر بیدار کو صدمہ

### والدہ محترمہ کا انتقال پُر ملال

سرینگر/ چرارشریف قصبے سے تعلق رکھنے والے معروف مولف، قلمکار، غلام قادر بیدار کی والدہ محترمہ، نوہار چرارشریف کے مقام پر جمعرات کو رات دیر گئے، مختصر علالت کے بعد رحلت کرگئی۔ جے کے این ایس کے مطابق جمعہ کی صبح نماز جنازہ میں تاریخی خانقاہ فیض پناہ چرارشریف کے احاطے میں ہزاروں لوگوں/ 7

## ترال میں لاپتہ شخص کی لاش درخت سے لٹکتے ہوئے پائی گئی

### سوپور کے ایک نوجوان کی پُراسرار ہلاکت فوری تحقیقات کا لواحقین کا مطالبہ

سرینگر/ اے پی آئی/ جنوبی کشمیر ترال کے گلشن پورہ علاقے میں لاپتہ 40 سالہ مزدور کی نعش دو گھنٹے کے بعد درخت پر لٹکتے ہوئے پائی گئی۔ سوپور کے نوجوان کی جموں میں پُراسرار موت، علاقے میں کہرام، پولیس نے کیس درج کر کے معاملے کی تحقیقات شروع کردی ہے۔ جنوبی کشمیر کے گلشن پورہ ترال میں غلام احمد شیخ نامی پیشے کے لحاظ سے مزدور گھر سے نکلنے کے بعد لاپتہ ہوگیا۔ ادھر شمالی کشمیر سوپور کے نوجوان خالد کی نعش وجے پور ایمز کے عقب سے پائی گئی اور پولیس نے اس سلسلے میں ایف آئی آر درج کر کے/ 3

## پریا گولڈ بٹر ڈیلائٹ بسکٹ کے بیچ کی فروخت پر پابندی عاید

### زیادہ سلفائٹ مواد کی وجہ سے استعمال کے لیے غیر محفوظ قرار دیا گیا/ حکام

انت ناگ/ جے کے این ایس: اسسٹنٹ کمشنر اور نامزد افسر فوڈ سیفٹی انت ناگ کے دفتر نے جمعہ کو پریا گولڈ بٹر ڈیلائٹ بسکٹ کے بیچ کی فروخت پر پابندی لگا دی جب لیبارٹری تجزیہ میں سلفائٹ کی سطح قابل اجازت حد سے زیادہ ہونے کی تصدیق ہوئی۔ حکام نے کہا کہ پابندی کا آرڈر بیچ نمبر E25KP02FB پر لاگو ہوتا ہے اور مزید ہدایات تک نافذ رہے گا۔ جے کے این ایس کے مطابق سرکاری عہدیداروں نے بتایا کہ سوریا فوڈ اینڈ ایگرو لمیٹڈ نوئیڈا کے ذریعہ تیار کردہ بسکٹ کے نمونے کو مقامی بازار سے اٹھا کر/ 4

## اصلی اور نقلی تاریخ پیدائش کی سٹیفکیٹ میں 18 سال کا فرق

### محکمہ روڈس اینڈ بلڈنگس کے ملازم کے خلاف چارج شیٹ دائر

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کی اسپیشل کرائم ونگ نے محکمہ تعمیرات عامہ (آر اینڈ بی) کے ایک ملازم کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے جس پر الزام ہے کہ اس نے غیر قانونی ریگولرائزیشن حاصل کرنے کے لیے اپنی تاریخ پیدائش سٹیفکیٹ میں جعلسازی کی ہے۔ یہ چارج شیٹ رنبیر پینل کوڈ کی دفعہ 420، 468، 471 اور 201 کے تحت درج ایف آئی آر نمبر 07/2022 میں چیف جوڈیشل مجسٹریٹ، ہندوارہ کے سامنے پیش کی گئی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ معاملہ اس وقت/ 5

## کوئی بھی جسمانی معائنہ کسی چیز کی تصدیق نہیں کرسکتا جب تک کہ تفصیلی جانچ نہ کی جائے/ فوڈ سیفٹی

### انڈوں کے معاملہ پر لوگ افواہوں پر کان نہ دھریں، لیبارٹری رپورٹس سے ہوگی صورتحال واضح/ اسسٹنٹ کمشنر

سرینگر/ جے کے این ایس/ انڈوں میں سرطان پیدا کرنے والے عناصر کا الزام لگانے والی ایک وائرل ویڈیو کے درمیان، فوڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے جانچ کے لیے نمونے جمع کرنے کے لیے وادی بھر میں معائنہ مہم شروع کی ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق سری نگر فوڈ سیفٹی ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ کمشنر نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ نے اس معاملے کا فوری نوٹس لیا ہے اور تمام اضلاع کو ہدایت کی ہے کہ وہ منظم اور غیر منظم دونوں طرح کی مارکیٹوں سے نمونے جمع کریں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیمیں جمعہ وصبح سے ہی متعدد نمونے اٹھا کر لیبارٹری تجزیہ کیلئے بھیج چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی جسمانی معائنہ کسی چیز کی تصدیق نہیں کرسکتا جب تک کہ تفصیلی جانچ نہ کی جائے۔ سری نگر فوڈ سیفٹی ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ کمشنر کے مطابق رپورٹس جلد ہی متوقع ہیں، اور اس کے بعد ہی صورتحال واضح ہوسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے کئی سپر مارکیٹوں کو چیک کیا ہے لیکن ابھی تک وائرل کلپ میں ذکر کردہ مخصوص برانڈ نہیں ملا۔ مزید معائنے دن بھر جاری رہیں گے، اور ایسی کوئی بھی پروڈکٹ، اگر پائی جاتی ہے۔ موصوف اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز ایکٹ کے مطابق فوری طور پر نمونے کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اہلکار نے صارفین سے گھبرانے اور نتائج اخذ کرنے سے پہلے لیب کے نتائج کا انتظار کرنے کی تاکید کی۔ فوڈ سیفٹی کمشنر سرینگر یامین النبی نے صارفین سے درخواست کی ہے کہ وہ اس معاملے میں افواہوں پر کان نہ دھریں اور بالکل بھی نہ گھبرائیں۔ انہوں نے کہا محکمہ انڈوں کے نمونے لیبارٹی میں تجزیے اور ٹیسٹنگ کے لیے جمع کرے/ 8

